ایک نہایت بنیادی بات جس کا بڑی صراحت کے ساتھ قرآن مجید میں ذکر کیا گیا ہے یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کوئی نئے نبی نہیں ہیں بلکہ جماعت انبیا کے ایک فرد اور اس سلسلہ نبوت کی آخری کڑی ہیں جو ابتدائے آفرینش سے لے کر آپ کی بعثت تک جاری رہا اور جس میں ہر قوم اور ہر زمانہ کے انبیاء و رسل

طرف ابتدائے آفرینش سے ہر داعی حق بلاتا رہا ہے اور آپ اسی دین فطرت کی تلقین کرتے ہیں جس کی تلقین ہمیشہ اللہ کے ہر نبی اور رسول نے کی۔

اخلاق اور صحیح طریقوں کو نشو و نما دیا جائے۔ تعلیم کتاب سے مراد یہ ہے کہ ان کے اندر ایسی بصیرت پیدا کی جائے کہ وہ کتاب کی اصل روح تک پہنچ سکیں اور تعلیم حکمت سے مراد یہ ہے کہ انہیں وہ حکمت سکھائی جائے جس سے وہ اپنی زندگی کے تمام

مختلف و مستعمل پذیر پہلوؤں کو کتاب اللہ کے مطابق ڈھالتے چلے جائیں۔

۲:۔ تکمیل دین۔

۲:۔ تکمیل دین: "آج میں نے تمہارے دین کو تمہارے لئے مکمل کر دیا اور تم پر اپنی نعمت تمام کر دی اور تمہارے لئے اسلام کے طریقے کو پسند کیا۔" (المائدہ ۵-۳)

دوسرے الفاظ میں قرآن کو بھیجنے والے نے اس کے لانے والے سے صرف اتنی ہی خدمت نہیں لی کہ وہ اس کی آیات کی تلاوت کرے، نفوس کا تزکیہ کرے اور کتاب و حکمت کی تعلیم دے، بلکہ اس نے انہی رسول پاک کے ذریعے سے اس کام کو پایۂ تکمیل پہنچا دیا

"کہو، ہم ایمان لائے اللہ پر اور اس تعلیم پر جو ہماری طرف اتاری گئی ہے اور اس تعلیم پر جو ابراہیمؑ، اسماعیلؑ، اسحاقؑ، یعقوبؑ اور ان کی اولاد پر اتاری گئی تھی اور جو موسیٰؑ، عیسیٰؑ، اور دوسرے نبیوں کو ان کے رب کی طرف سے دی گئی تھی۔ ہم ان کے درمیان فرق نہیں کرتے اور ہم اللہ کے مطیع و فرمان ہیں۔ پس اگر یہ لوگ بھی اسی طرح ایمان لے آئیں جس طرح تم لاؤ ہو تو وہ سیدھے راستے پر ہیں۔" (البقرہ ۱۳۷)

قرآن مجید کی یہ تصریحات اس حقیقت میں کسی شک و شبہ کی گنجائش باقی نہیں رہنے دیتیں کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پچھلے پیغمبروں میں سے کسی کی تکذیب یا کسی کے لائے ہوئے پیغام کی تردید کرنے کے لئے نہیں آئے تھے بلکہ اس لئے آئے تھے کہ اس سچے دین کو جو اوّل دن سے تمام قوموں کے پیغمبر پیش کرتے چلے آئے تھے۔ بعد کے لوگوں کی آمیزشوں سے پاک کرکے پھر پیش کردیں۔ اس

طرح قرآن مجید رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صحیح حیثیت واضح کرنے کے بعد ان کاموں کی تفصیل بیان کرتا ہے جن کے لئے اللہ نے آپ کو بھیجا تھا۔ یہ کام بحیثیت مجموعی دو شعبوں سے تعلق رکھتے ہیں۔ ایک شعبہ تعلیمی اور دوسرا شعبہ عملی پہلے شعبے کے کام حسب ذیل ہیں

۱:۔ تلاوت آیات، تزکیہ نفوس اور تعلیم کتاب و حکمت۔

"درحقیقت ایمان لانے والوں پر اللہ کا بڑا احسان ہے کہ اس نے ان کے درمیان خود انہی میں سے ایک ایسا رسول اٹھایا جو انہیں اس کی آیات سناتا ہے اور ان کا تزکیہ کرتا ہے اور انہیں کتاب اور حکمت کی تعلیم دیتا ہے ورنہ اس سے پہلے تو وہ صریح گمراہی میں پڑے ہوئے تھے۔" (آل عمران ۱۶۴)

تلاوت آیات سے مراد اللہ کے فرامین اور ارشادات کو جوں کا توں سنا دینا ہے۔ تزکیہ سے مراد یہ ہے کہ لوگوں کے اخلاق اور ان کی زندگی کو بری صفات، بری رسموں اور بگڑے طریقوں سے پاک کیا جائے اور ان کے اندر اچھے اوصاف، پاکیزہ عذاب کے مستحق ہوگئے ہیں اور ہم نے یہ کتاب صرف اس لئے نازل کی ہے کہ تم اس حقیقت کو ان کے سامنے واضح کردو جس میں ان کے درمیان اختلاف ہوگیا ہے اور اس لئے کہ یہ کتاب ہدایت اور رحمت ہو ان لوگوں کے لئے جو اس کی پیروی قبول کرلیں۔"

دوسرا شعبہ جو عملی زندگی اور اس کے معاملات سے تعلق رکھتا ہے اور اس کے تین کام ہیں:۔

۱:۔ نیکی کا حکم دینا۔ برائی سے روکنا، حرام و حلال کی حدود قائم کرنا اور انسان کو خدا کے سوا دوسروں کی عائد کردہ پابندیوں سے آزاد اور ان کے لادے ہوئے بوجھوں سے ہلکا کرنا۔

جنرل ٹکا خان کے چھوٹے بھائی کو قتل کر دیا گیا

چار افراد نے اندھا دھند فائرنگ کر دی ۔ ۱۸ سالہ بھتیجہ شدید زخمی

راولپنڈی ۲۵۔ اپریل (جنگ نیوز) پاک بری افواج کے چیف آف اسٹاف جنرل ٹکا خان کے چھوٹے بھائی ۴۵ سالہ محمد اکرم کو یہاں سے تقریباً دس میل دور ان کے آبائی گاؤں کوٹ سیداں میں چار افراد نے آتشیں اسلحہ سے حملہ کر کے قتل کر دیا۔ اس حملہ میں ان کا بھتیجا ۱۸ سالہ جاوید جہانگیر عالم بھی زخمی ہو گیا۔ اور اس کی حالت نازک بتائی جاتی ہے۔ معتبر ذرائع سے پتہ چلا ہے کہ اس واقعہ کے پس منظر میں جاوید اور عثمان یٰسین نشتاق اور عبد الفضل کے درمیان ایک جھگڑا ہے جو ملزم یٰسین کے کھیت میں بٹیرے پکڑنے کے سلسلہ میں گذشتہ جمعرات کو برپا ہوا تھا۔ جاوید نے یٰسین کے کھیت میں بٹیرے پکڑنے کے لئے ایک جال پھیلایا تھا جس پر ملزم یٰسین نے اعتراض کیا اور تکرار ہونے پر جال پھاڑ دیا اس پر جاوید نے دھمکی دی کہ اگر ملزم یٰسین کبھی اس کے گھر کے سامنے سے گزرا تو وہ اس سے نبٹ لے گا۔ بتایا جاتا ہے کہ اس واقعہ کے بعد دوسرے دن ۲۲۔ اپریل کو چار مسلح افراد آتشیں اسلحہ سے لیس ہو کر مقتول محمد اکرم کے گھر کے باہر گھات لگا کر بیٹھ گئے۔ اور جب جاوید باہر آیا اس پر گولیاں چلانا شروع کر دیں۔ گولیاں چلنے کی آواز سن کر مقتول محمد اکرم گھر سے باہر آیا اور گولی لگنے سے شدید زخمی ہو گیا اور جاوید کے بھی دو گولیاں لگیں۔ دونوں کو انتہائی نازک حالت میں راولپنڈی لایا گیا جہاں محمد اکرم زخموں کی تاب نہ لا کر چل بسا۔

صوبائی حکومتوں کا قیام :۔

کراچی ۔۔ تازہ ترین اطلاعات کے مطابق پاکستان کے تمام صوبوں میں نئی حکومتوں کا قیام عمل میں آ گیا ہے، مختلف صوبوں میں گورنر اور وزیران اعلیٰ مقرر کر دیئے ہیں، تفصیل مندرجہ ذیل ہے،

صوبہ	گورنر	وزیر اعلیٰ
پنجاب	مصطفیٰ کھر	ملک معراج خالد
سندھ	رسول بخش تالپور	ممتاز علی بھٹو
سرحد	ارباب سکندر خان	مفتی محمود
بلوچستان	غوث بخش بزنجو	عطاء اللہ مینگل

اسمبلیوں کے اجلاس کے ساتھ ہی تمام حکومتوں نے کام شروع کر دیا ہے،

بہاریؔ کا عزم

مقدر سے ہماری ٹھن گئی ہے، ہماری ایک گالی بن گئی ہے
ادھر بنگال والے جانی دشمن، ادھر بھارت کی بھی برچھی تنی ہے
بنے ہیں اجنبی اپنے وطن والے، پڑے پنجاب کو ہی جان کے لالے
ہے سرحد میں دل خالی کا تماشہ، کسے فرصت ہے ہم کو بچائے
یہاں گو ہم مصیبت میں پھنسے ہیں، مگر یہ بھی حکومت میں پھنسے
انہیں چسکا ہے بس کرسی کا، وہ لیڈر ہیں سیاست میں پھنسے
مصیبت کا یہ عالم دیدنی ہے، جدھر دیکھو ادھر ہی تیرگی ہے
نہ اپنوں اور غیروں پہ بھروسہ، زمانے کا زمانہ اجنبی ہے

قیامت ہے کہ لرزاں زندگی ہے، سر سے جبر کی اک چپ لگی ہے
جو بنگالی نے توڑے ظلم ہم پر یہ کہانی کس نے کب سنی ہے

ہمیں منظور ہے اب ہر مصیبت
ہمیں منظور ہے اب ہر اذیت
جھکے گا سر نہ اب ظلم کے در پر
بنے ناموس قربان جاں کی دولت

ہمارا آج دشمن ہے زمانہ
لگا تا تاک کر ہے ہر نشانہ
اگر بنگال سے ہم مٹ بھی جائیں
رہے گا عزم کا زندہ فسانہ
صداقت کے لئے ہم جان دیں گے
دلوں کی راہ میں ہم مٹیں گے،
مٹیں گے آج ہم لیکن مؤرخ
ہمارے عزم کے قصے لکھیں گے،

از
مامون الحسن نیویارک

ہمارا مارشل لا مرحوم

ابنِ ادریس

نہ تھے جمہور کے قائل، نہ اخبار و رسائل کے
کہ حضرت کو یقیں تھا صرف پلٹن اور رسالے میں
بہت گہرائی میں دابا گیا ہے قبر میں اُن کو
خدا بخشے نہ بخشے خوبیاں تھیں مرنے والے میں

جتنے بنگالی جائیں گے اُتنے غیر بنگالی آئیں گے

کراچی ۹ مارچ (اپ پ) امریکی جریدہ نیوز ویک کو ایک انٹرویو میں پاکستان کے صدر ذوالفقار علی بھٹو نے کہا کہ وہ مشرقی پاکستان سے بعض غیر بنگالی مسلمانوں کو مغربی پاکستان واپس بلانے کے لئے تیار ہیں لیکن اس کا طریقہ کار یہ ہوگا کہ مغربی پاکستان سے جتنے بنگالی باشندے جائیں گے ان کے بدلے اتنے ہی غیر بنگالی باشندوں کو مشرقی پاکستان سے مغربی پاکستان آنے کی اجازت دی جائے گی۔ اس وقت مغربی پاکستان میں چار لاکھ بنگالی باشندے موجود ہیں۔

ایک استاد ایک شاگرد!

فورٹ سنڈیمن ( ) آپ یقین کریں یا نہ کریں ضلع ژوب کے ایک گاؤں میں ایک ایسا اسکول ہے جہاں پڑھانے والا بھی ایک اور پڑھنے والا شاگرد بھی ایک ہے۔ یہ گاؤں فورٹ سنڈیمن شہر سے ۱۰ میل کے فاصلہ پر واقع ہے۔

پاکستانی افواج کی کامیابی، بھارتی حملہ ناکام،

نئی دہلی: ۔ بی، بی، سی، کی اطلاعات کے مطابق بھارت کے وزیر جنگ نے اعتراف کیا ہے کہ پاکستانی افواج نے شمالی کشمیر میں ہندوستانی فوجوں کا حملہ ناکام بنا دیا ۔۔۔ اس جنگ میں بھارت کو بھاری مالی اور جانی نقصان اٹھانا پڑا ۔۔۔ پاکستانی افواج نے صرف بھارتی حملہ پسپا کر دیا بلکہ دو اہم سرحدی چوکیوں کو بھی بھارتی غاصبوں کے پنجہ سے آزاد کرا لیا ۔۔۔

بھارت نے اپنی بری افواج کی مدد کے لیے ہوائی فوج کے دستوں اور ہیلی کاپٹروں سے بھی حملہ کیا مگر ناکامی کا منہ دیکھنا پڑا ۔۔۔ جگ جیون رام نے اعتراف کیا کہ اس جنگ میں سینکڑوں بھارتی سپاہی ہلاک اور زخمی ہوئے،

پاکستان میں نئی فوجی کمان کے تحت یہ پہلا معرکہ تھا جس میں بھارتی فوج کو منہ کی کھانی پڑی،

پاکستانی افواج نئی قیادت کے تحت ازسرِ نو تنظیم اور تربیت میں مصروف ہیں، بہت جلد بھارتی طالع آزماؤں سے ساتھ ٹکر لینے کے لیے تیار ہو جائیں گی ۔۔

اسلام آباد ۔۔ پاکستان کی ہوائی فوج کے لیے خریدے گئے فرانسیسی میراج طیاروں کی وصولی شروع ہو گئی ہے، پاکستان نے ان کا آرڈر ۱۹۷۰ء میں دیا تھا، دو نئے سکواڈرن حال ہی میں پاکستان پہنچے ہیں ۔۔

نئی دہلی: ۔ بھارت دفاعی ذرائع کے مطابق پاکستان، ترکی اور ایران امریکہ کی مدد سے طیارہ سازی کا ایک کارخانہ مہر آباد (تہران) میں قائم کر رہے ہیں،

گورنروں کی کانفرنس معاشی مسائل پر غور کریگی
ہڑتالوں پر چھ ماہ کے لئے پابندی کی تجویز
صدر صنعتکاروں سے مشورہ کرینگے

راولپنڈی ۲ مئی (اپ پ) معلوم ہوا ہے کہ صدر بھٹو مئی کے تیسرے ہفتہ میں گورنروں کی کانفرنس بلا رہے ہیں تاکہ ملک کو جو مختلف مسائل درپیش ہیں ان کو حل کرنے کی ضرورت پر غور کیا جا سکے۔ یہ کانفرنس ملک میں امن و امان اور معاشی ترقی کے مسائل کو سب سے زیادہ اہمیت دیگی ملک کو اس وقت جو سنگین اقتصادی مسائل درپیش ہیں ان کے پیش نظر گھیراؤ اور جلاؤ کی تحریکوں کو ختم کرنے کے لئے اقدامات کئے جائیں گے اس سلسلہ میں پیداوار اور برآمدات بڑھانے کے لئے ملک گیر مہم شروع کی جائے گی اس سلسلہ میں چھ ماہ کے لئے تمام ہڑتالوں کو منسوخ کرنے کی تجویز بھی زیر غور آئے گی بتایا گیا ہے کہ متعدد یورپی ممالک میں معاشی بحران کے دوران میں اس قسم کے اقدامات کئے جا چکے ہیں

پاکستانی روپیہ کی قیمت میں کمی ۔۔

اسلام آباد ۔ مرکزی حکومت کے اعلان کے مطابق پاکستانی روپیہ کی قیمت میں کمی کر دی گئی ہے، بونس کا سلسلہ ختم کر دیا گیا، نئی شرح کے مطابق ۱۱ روپے کا ایک ڈالر ہوگا ۔۔۔ امید ہے اس اقدام سے ملکی برآمدات میں اضافہ ہوگا اور درآمدات میں کمی واقع ہوگی ۔۔۔

روس و پاکستان میں تبادلۂ اشیاء کے پروگرام پر دستخط

راولپنڈی ۵ مئی (اپ پ) پاکستان اور روس نے آج یہاں تبادلۂ اشیاء کے ایک پروگرام پر دستخط کئے ہیں۔ ایک سرکاری اعلامیہ میں بتایا گیا ہے کہ یہ پروگرام ۱۹۷۱ء تا ۱۹۷۵ء کے تبادلے کی تجارت کے معاہدہ کے ڈھانچہ میں مرتب کیا گیا ہے جس میں دونوں ممالک کے ہر سال درآمد و برآمد کے پروگرام کے مذاکرات کی گنجائش رکھی گئی ہے۔

صدائے پاکستان

آپ کی اپنی آواز ہے ہماری اپنی زبان اردو میں یہ شمالی امریکہ کا واحد اخبار ہے، اس کے ذریعہ اپنے خیالات سب تک پہنچائیے ادارہ آپ کے خیالات کو خوش آمدید کہے گا،

کفر ٹوٹا خدا خدا کر کے!

مارشل لا کے اٹھائے جانے کا سہرا صرف عوام کے سر پر بندھ سکتا ہے کہ اگر لیڈروں نے اس کی مخالفت کی تو اس بنا پر کہ عوامی رائے اس کے سخت خلاف ہو چکی تھی۔ پاکستان میں سب سے بڑا المیہ یہ ہوا ہے کہ وہ قوم جس نے انگریزوں اور ہندوؤں کے مقابل لافانی جہاد کر کے آزادی کی جنگ جیتی تھی، خود اپنے ہم وطنوں کے ہاتھوں اپنے حق خود ارادیت کو کھو بیٹھی۔ آمریت کے زیر نگیں اس کے کوئی حقوق نہ رہے۔ شاید وہ یہ جبر بھی برداشت کر جاتی لیکن جب ملک کے ٹکڑے ٹکڑے ہو گئے تو وہ اس طرز حکومت کو لعنت گرداننے پر مجبور ہو گئی اور اس سے چھٹکارا حاصل کرنا اس کا مقصود زندگی بن گیا۔ اب یہ جھگڑا بیکار ہے کہ کون لیڈر مارشل لا کے حق میں تھا اور کون اس کا مخالف تھا۔ اگر صدر بھٹو اور ان کے بعض ساتھی بعض مصلحتوں کی وجہ سے (گو یہ مصلحتیں کبھی عوام پر آشکارا نہیں ہوئیں) اس قانون لا قانون کو نافذ رکھنا چاہتے تھے تو خان ولی خان اور مولانا مفتی محمود بھی اس کے جون تک اجراء پر صاد کر چکے تھے، خان قیوم خان پر یہ الزام عائد نہیں ہو سکتا کہ وہ مارشل لا جاری رکھنا چاہتے تھے کہ انہوں نے تو ان مذاکرات میں حصہ ہی نہیں لیا جن پر سہ فریقی معاہدہ منتج ہوا تھا۔ لیکن جیسا میں نے عرض کیا اب یہ بحث لاحاصل ہے۔ اصل چیز یہ ہے کہ عوام نے اپنی مطلق العنانیت منوا کر چھوڑی۔ اب اسی اصول پر چلنا پڑے گا کہ جو بات انہیں منظور نہیں وہ نہیں چل سکے گی۔ آج قوم آزادی کے مرتبہ پر فائز ہے اور اس سے اس کے شایان شان ہی سلوک ہونا چاہیئے۔

گو قومی اسمبلی صرف تین دن چلی لیکن وہ نشستند و گفتند و برخاستند کا مصداق نہیں بنی۔ اس نے ایک عبوری دستور منظور کیا اور ۲۱ اپریل سے حکومت کی نوعیت آئینی ہو گئی۔ اس دستور کی قبولیت کے دو ہی جواز ہیں، ایک تو یہی کہ وہ عبوری ہے، مستقل قانون ابھی بننا ہے، دوسرا یہ کہ اگر وہ نہ منظور ہوتا تو مارشل لا نافذ رہتا۔ اسی لئے حزب اختلاف نے ترمیمیں تو پیش کیں لیکن ان پر زیادہ اصرار نہ کیا، دستور کے حق میں ووٹ نہ ڈالے تو اس کی مخالفت بھی نہ کی۔ دراصل پی پی پی کو اتنی بڑی اور فیصلہ کن اکثریت حاصل تھی کہ دوسری جماعتیں اس کا کچھ بگاڑ بھی نہ سکتی تھیں۔ اسمبلی کے اجلاس کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہوا کہ اکثریتی جماعت کے دستوری خیالات کا پتہ چل گیا۔ میرا خیال یہ ہے کہ معاہدے کی تنسیخ کی وجہ بھی یہ تھی کہ پارٹی کسی باہر سے عائد کردہ حدود میں مقید نہ ہونا چاہتی تھی۔ مسٹر بھٹو کو معاہدے کی افادیت اس چیز میں نظر آئی کہ اگر وہ کچھ عرصہ کے لئے مارشل لا جاری رکھنا چاہتے ہیں تو انہیں دو غیر پی پی پی صوبوں کی موثر جماعتوں کی تائید بھی حاصل ہو گئی۔ لیکن جب خان ولی خان نے اپنے موقف کی وضاحت کی اور مارشل لا کی مخالفت کا بیڑہ اٹھا لیا تو مسٹر بھٹو کو معاہدے کا کوئی مصرف نظر نہ آیا اور انہوں نے بھی فکر ثانی کی آڑ لے کر دستور سازی کے معاملے میں اپنے آپ کو پوری طرح آزاد کر لیا۔ عبوری دستور ان کے سیاسی افکار کا عکاس ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ ۱۹۳۵ء ایکٹ میں وزارت عظمیٰ کا عہدہ موجود نہیں، لیکن اس کے قیام میں کوئی شے مانع نہ تھی آخر پاکستان اور ہندوستان میں شروع میں جو دستور چلا وہ اسی ایکٹ کی کوکھ سے پیدا ہوا تھا اور دونوں ملکوں میں وزیر اعظم مقرر ہوئے، شہید ملت لیاقت علی خاں یہاں اور آنجہانی جواہر لال نہرو وہاں، سو ایکٹ ٹھیٹھ پارلیمانی نظام کی راہ میں حائل نہ تھا لیکن چونکہ اس پر نقلی اور معنوی طور پر عمل پیرا ہو کر ایسا نظام بروئے کار آتا جو صدارتی طرز حکومت کے منافی تھا تو اس کی اہم ترین مرکزی شق میں کسی قسم کی تبدیلی روا نہ رکھی گئی۔ اگر اس پس منظر کو سامنے رکھا جائے تو مجھے یہ توقع نہیں کہ مستقل دستور کا خاکہ کچھ زیادہ مختلف ہو گا۔ شاید اسی لئے وزیر قانون نے کہا کہ اگر قومی اسمبلی ایک سال کے وقت معینہ میں دستور نہ بنا سکی تو عبوری دستور ہی مستقل حیثیت اختیار کر لیگا۔ سوال یہ ہے کہ اسمبلی ناکام کیوں ہو؟ اکثریت تو پی پی پی کی ہے۔ اگر دی جائے تو یہ بیل منڈھے نہ چڑھے گی۔ ذاتی طور پر میں ہمیشہ مضبوط مرکز کا نقیب رہا ہوں۔ لیکن ہم نے دیکھا کہ اس کے خلاف مشرقی پاکستان میں بغاوت ہوئی۔ اس تجربے کے بعد میری رائے یہی رہی ہے کہ نظام وفاقی اور پارلیمانی ہونا چاہیئے تاکہ ہر صوبے کے اندر احساس برابری پیدا ہو۔ انہیں یہ احساس دینے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ مرکز میں دو ایوان قائم ہوں۔ ایک صوبوں کی آبادی کی بنیاد پر اور دوسرا صوبوں کی مساوی نیابت کی بنا پر۔ اگر ایک طرف اکثریت کا بول بالا ہو تو دوسری طرف ہر صوبے کی انفرادیت مسلم ہو اور اشتراک عمل سے دونوں ایوان ایک دوسرے پر اثر انداز ہوں۔ اس طرح ایک ایسا ماحول قائم ہو گا جس میں بڑائی کی ہیکڑی اور چھوٹائی کے احساس کمتری کی بجائے، ایک دوسرے کے پاس کے جذبات پیدا ہونگے یہ نظام صوبائی خود مختاری سے بدرجہا بہتر ثابت ہو سکتا ہے۔

اس ضمن میں جہاں چھوٹے صوبوں کے نمائندے ایک سخت غلطی کے مرتکب ہوتے ہیں وہ یہ ہے کہ وہ اپنے مطالبات کی بنیاد قابل اعتراض مفروضے پر رکھتے ہیں۔ اس بات سے کس کو انکار ہو سکتا ہے کہ پاکستان صوبوں پر مشتمل ہے۔ ون یونٹ کے ٹوٹنے سے تو یہ حقیقت تابندہ اور بھی اجاگر ہوئی ہے۔ پھر اگر ان صوبوں کا وجود ہے تو ان کے دائرہ عمل کا تعین بھی ضروری ہے۔ یہ ثانوی چیز ہے کہ صوبائی اختیارات کا دائرہ کتنا وسیع ہو۔ لیکن ان اختیارات سے انکار ناممکن ہے۔ اس صورتحال میں صوبے کے وجود کا مزید ثبوت بہم پہنچانا غیر ضروری ہے۔ لیکن ہو یہی رہا ہے۔ جب تک یہ نہ کہا جائے کہ پاکستان مختلف قومیتوں سے عبارت ہے اور ہر صوبے میں ایک قوم بستی ہے تو شاید صوبائی خود مختاری کا دعویٰ تسلیم نہ ہو۔ اول تو صوبائی خود مختاری کے حصول کے لئے اس نعرے کی ضرورت نہیں دوسرے اس نعرے سے پاکستان کے وجود کی تنقیص ہوتی ہے اور اسی وجہ سے پختونستان جیسے تصورات کی تخلیق ہوئی۔ اب آپ کی صوبائی عصبیت کا کچھ ہی تقاضا ہو حقیقت یہ ہے کہ پاکستان میں ایک ہی قوم آباد ہے اور اس کا نام مسلمان قوم ہے۔ آخر مسلم لیگ اور کانگریس میں کس بات پر تقابل و تنازعہ ہو رہا تھا یہی نا کہ مسلم لیگ کہتی تھی کہ مسلمان ایک الگ منفرد قوم ہیں اور انہیں حق خود اختیاری حاصل ہونا چاہیئے۔ اور کانگریس کا یہ موقف تھا کہ ہندوستان ایک وحدت ہے۔ اور اس میں تمام لوگ بلا تخصیص مذہب ایک قوم ہیں اور اس لئے مسلمانوں کو الگ ملک بنانے کی اجازت نہیں ہو سکتی۔ یہ جنگ اتنی اہم تھی کہ اس کے نتیجے پر ہی برصغیر کے مستقبل کا دارومدار تھا۔ پھر اس جنگ کا کیا نتیجہ نکلا؟ مسلمان بحیثیت قوم پاکستان بنانے میں کامیاب ہو گئے۔ تاریخ کے اس فیصلے کو کیونکر پس پشت ڈالا جا سکتا ہے۔ ان حضرات کو جو اس بارے میں بہت حساس ہیں کہ ان کے متعلق یہ نہ کہا جائے کہ وہ پاکستان کی تخلیق کے مخالف تھے خواہ وہ کانگریس سے تعلق رکھتے تھے۔ یہ بھی تو ماننا چاہیئے کہ پاکستان نتیجہ ہے مسلمانوں کے حق خود اختیاری کے استعمال کا۔ جو شخص پاکستان کا مخالف نہیں وہ مسلم قومیت کے خلاف کیوں محاذ قائم کرے اور یہ کہے کہ یہاں پانچ یا اب چار قومیتیں بستی ہیں۔ اس سے شک و شبے بڑھتے ہیں۔ بنیادی امر یہ ہے کہ اگر اس تصور کو مانا جائے کہ ہر صوبہ ایک قومیت کا مسکن ہے تو اس سے اگلا قدم ناگزیر ہے۔ پھر اس قومیت کو حق خود اختیاری بھی ملنا چاہیئے۔ آج بنگلہ دیش قائم ہوا ہے تو کل سندھو دیش بھی منصہ شہود پر ابھرنا لازمی ہے۔ یہاں روس کی مثال صادق نہیں آتی۔ دستوری طور پر وہاں ہر ریاست کو حق خود اختیاری حاصل ہے۔ لیکن عملی طور پر وہ کمیونسٹ پارٹی کی مرکزیت کی آہنی زنجیر میں جکڑی ہوئی ہیں۔ روس میں قوم ایک ہی ہے لیکن طبقات دو ہیں۔ مستقل کمیونسٹ حاکم اور مستقل عوام محکوم۔ وہاں خود مختاری کا گزر نہیں۔ اگر ہم یہاں کمیونزم چاہتے ہیں تو اور بات ہے لیکن جمہوری نظام کے تحت صوبوں کو اسی صورت میں اختیارات مل سکتے ہیں کہ وہ ایک قوم واحد سے مربوط ہوں۔ انشاء اللہ کرے مغربی پاکستان کی جمہوری صورت گری ہو رہی ہے مستقل دستور میں صوبائی اختیارات کی اور توضیح و تعریف ہو سکتی ہے، اس وقت غلط تصورات کو ہوا نہ دیجئے ورنہ بزنجو صاحب کا یہ دعویٰ کہ وہ پاکستان کی وحدت کے علمبردار ہیں صحیح ثابت نہ ہو گا۔ صوبائی اختیارات ایک چیز ہیں، اور قومی شخصیت دوسری۔ دونوں کو خلط ملط نہ کیجئے۔ موخرالذکر کو اولیت حاصل ہونی چاہیئے کہ اس کے بغیر صوبوں کا بھی جواز پیدا نہیں ہوتا۔

میں عبوری دستور کے کئی نقائص گنا سکتا ہوں لیکن اس کے لئے کافی وقت ہے جو بنیادی اصولوں کی کمیٹی بنی ہے اس میں مختلف مکاتیب فکر کے نمائندے موجود ہیں، اس کمیٹی میں ووٹ کا سوال نہ ہو گا اور اکثریتی پارٹی اقلیتی پارٹیوں کے نقطۂ خیال کو ضرور ملحوظ رکھے گی، ورنہ ایسی کمیٹی کا فائدہ۔!

یہ معاملہ اسی پر چھوڑ دینا چاہیئے۔ سب سے مستحسن عمل جو ظہور میں آیا ہے وہ یہ ہے کہ تمام پارٹیوں نے صدر بھٹو کو اعتماد کا ووٹ دیا ہے۔ حکومت کے قیام کے لئے پی پی پی کے ووٹ ہی کافی تھے۔ دوسری جماعتوں کی تائید کا یہی مطلب ہے کہ دنیا کو پتہ چل جائے کہ پاکستان کے قیام اور سالمیت کے مقصد میں کل قوم یک ذہن و یکدل ہے۔ یہ عملی اقدام ہے۔ اصل تو یہ ہے کہ جہاں ہمارے داخلی معاملات گنجلک ہیں وہاں خارجی معاملات حد سے زیادہ پیچیدہ اور توجہ طلب ہیں۔ خدا کرے کہ عبوری دستور کی منظوری، مارشل لا کا اسقاط اور حکومت کے حق میں اجتماعی اعتماد، ایک نئے دور کا باب ثابت ہو۔ اب ہمیں ذرا اندرونی معاملات سے نظریں ہٹا کر باہر کی دنیا کی طرف نظریں لگانی چاہیئں کہ ہماری بہت سی مشکلات کی ترتیب و تدوین وہیں ہوئی ہے۔

زیڈ۔ اے۔ سلیری

فوج کے وقار پر حرف نہ آنے دونگا: ٹکا خاں

کراچی ۲۵ اپریل (اپ پ) پاکستان کی بری فوج کے چیف آف اسٹاف جنرل ٹکا خاں نے سندھ میں اگلے مورچوں پر جوانوں کیساتھ دن گزارا۔ انہوں نے دفاعی مورچوں پر فرداً فرداً جوانوں سے بات چیت کی۔ اور وہاں ان سے خطاب بھی کیا۔ جنرل ٹکا خاں نے کہا فوج کے جوان ہمیشہ میرے دل کے قریب ہیں۔ چاہے وہ مجھ سے کتنے ہی دور کیوں نہ ہوں۔ میں وقتاً فوقتاً جوانوں سے ملاقات کر کے ان کی تربیت اور مشکلات کے بارے میں معلومات حاصل کرتا رہوں گا۔

انہوں نے کہا کہ فوج نے انتہائی مشکل حالات میں مشرقی پاکستان میں اپنے سے کئی گنا بڑے دشمن کا مقابلہ کیا تھا۔ بھارتی پروپیگنڈہ سے ہمارے مشرقی پاکستانی بھائی گمراہ ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صدر جنگی قیدیوں کو جلد سے جلد وطن واپس لانے کے لئے اپنی ہر ممکن کوشش کر رہے ہیں، حکومت قیدیوں کے خاندانوں کی بہتری کے لئے بھی ہر ممکن کوشش کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے صدر بھارت کو اس بات کی اجازت نہیں دینگے کہ وہ قیدیوں کو سودے بازی کے لئے استعمال کرے۔ انہوں نے کہا کہ ہنگامی صورت حال پیدا ہوئی تو میں فوج کے وقار پر حرف نہ آنے دوں گا۔ مغربی پاکستان میں دشمن کے لئے صورت حال مختلف ہو گی اس لئے کہ یہاں ایک ایک فرد فوج کی حمایت کرتا ہے۔

چین اور پاکستان کے درمیان آئندہ ہفتے سرحدی تجارتی سمجھوتہ پر دستخط ہونگے

کراچی ۲۴ اپریل (اپ پ) پاکستان اور عوامی جمہوریہ چین کے درمیان آئندہ ہفتے نئے سرحدی تجارتی معاہدے پر دستخط ہو جائیں گے یہ بات چین کے تجارتی وفد کے سربراہ مسٹر چاؤ ڈیکن نے آج کراچی پہنچنے کے بعد بتائی ہے یہ وفد دس دن تک پاکستان کا دورہ کریگا وفد گلگت جانے کے لئے ۲۸ مئی کو راولپنڈی روانہ ہو گا گلگت میں ۳ مئی سے سرحدی تجارتی معاہدے کی بات چیت شروع ہو گی وفد کے سربراہ نے توقع ظاہر کی کہ نئے سمجھوتے میں کئی قسم کا سامان شامل کر لیا جائیگا موجودہ سمجھوتے کے تحت اس وقت دونوں ملکوں کے درمیان ساڑھے چار لاکھ روپے کے سامان کا تبادلہ ہوتا ہے ایک اور سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ اب تک پاکستان نے چین کو جو سامان فراہم کیا ہے اس کا معیار اطمینان بخش ہے مسٹر چاؤ نے کہا کہ پاکستان اور چین دوست ممالک ہیں دونوں ملکوں کے درمیان تجارت میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے چین کے وفد نے آج قائد اعظم کے مزار پر حاضری دی۔

جنگ کے نقصانات کی تلافی کیلئے پاکستان میں اسلحہ بندی کا وسیع پروگرام

لندن ۲۲ اپریل (آصف جیلانی) پاکستان نے بھارت کے ساتھ گزشتہ دسمبر کی جنگ کے نقصانات کی تلافی کے لئے فوجی بھرتی اور از سر نو اسلحہ بندی کے ایک جامع پروگرام پر عملدرآمد شروع کر دیا ہے پاکستان کے دفاعی ذرائع کے حوالے سے ڈیلی ٹیلیگراف نے اطلاع دی ہے کہ چالیس ہزار کی نفری پر مشتمل دو نئی پیدل ڈویژن بنائی گئی ہیں ان میں سے ایک ڈویژن میں مکمل طور پر نئے افراد کو بھرتی کیا گیا ہے جب کہ دوسری ڈویژن مختلف آرڈیننسوں کو ضم کر کے بنائی گئی ہے اس کے علاوہ پاکستانی فضائیہ کے موجودہ دو اسکواڈرن فرانسیسی ساخت کے مزید میراج طیاروں سے لیس کئے جا رہے ہیں یہ خبر بھی ملی ہے کہ چین نے پچاس مگ طیارے پاکستان کو فراہم کرنے کا وعدہ کیا ہے اور اب پاکستان گزشتہ جنگ کے دور کے مقابلے میں زیادہ طاقتور ہے ڈیلی ٹیلیگراف نے لکھا ہے کہ جنرل ٹکا خاں نے اپنی فوجوں کے حوصلے بلند کرنے کے لئے گزشتہ چند ہفتوں کے دوران بھارت کی سرحد پر متعین فوجی دستوں سے ان کے مورچوں میں جا کر ملاقاتیں کیں۔

BUS. 924-6590
RES. 924-4079

AZHER KHAN
MEMBER TORONTO REAL ESTATE BOARD
INVESTMENTS · COMMERCIAL · INDUSTRIAL · ESTATE

MICHAEL J. DAVID
REAL ESTATE

صدائے پاکستان

جلد ۲ ۱۵ مئی ۱۹۷۲ء شمارہ ۱

تعمیر نو

پاکستان میں جمہوری طرز حکومت کی بحالی، ایک نہایت اہم اور احسن اقدام ہے، کسی معاشرہ میں جمہوری طرز حکومت کی اہمیت اور افادیت سے کسی کو انکار نہیں ہو سکتا ـ

پاکستان میں بہت سے مسائل کا حل سیاسی جمہوریت میں پوشیدہ ہے، اگر آغاز پاکستان ہی میں ہم یہ طرز عمل اختیار کرتے تو شاید ہمیں آج یہ دن نہ دیکھنا پڑتا ـ تعسوب بھی وقت اہم سے پہنچ گیا، انشاء اللہ یہ اقدام پاکستان کے خوش آئندہ مستقبل کا ضامن ہوگا، تعسر ہمیں اس بات کا شدید احساس ہوتا ہے کہ سیاسی جمہوریت کے ساتھ ساتھ ملک عزیز میں اقتصادی جمہوریت کو فروغ دینے کی بھی اشد ضرورت ہے، اگر ہم ملک میں ایک صحت مند جمہوری معاشرہ کی تعمیر کرنا چاہتے ہیں تو صرف سیاسی اور معاشی جمہوریت کو ساتھ ساتھ پروان چڑھانا، عوام اور حکومت دونوں کا مطمع نظر ہونا چاہئے،

اقتصادی ناہمواری اور عوام کے اقتصادی مسائل سے غفلت کبھی کسی جمہوری معاشرہ کے لئے مضبوط بنیاد فراہم نہیں کر سکتی،

پاکستان کو اگر ایک باعزت ملک کی حیثیت سے دنیا میں اپنی جگہ پیدا کرنی ہے تو پھر اس کے آغاز کے لئے اس سے بہتر اور کوئی وقت نہیں ہو سکتا، اس وقت ہم ایک بحرانی دور سے گزر رہے ہیں، ہمیں اس وقت اپنی منزل کا تعین کر لینا چاہئے، قوم بیدار ہو چکی، قربانیاں دینے کے لئے تیار ہے، صرف ایک حقیقت پسندانہ اور عملی طور پر نئے پروگرام کی ضرورت ہے، جسے اپنا کر ہم اپنا کھویا ہوا وقار حاصل کر سکیں، اور پاکستان میں صحیح طور پر جمہوری معاشرہ کی تعمیر کر سکیں ـ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قَالَتِ الْاَعْرَابُ اٰمَنَّا قُلْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا وَلٰكِنْ قُوْلُوْٓا اَسْلَمْنَا وَلَمَّا يَدْخُلِ الْاِيْمَانُ فِيْ قُلُوْبِكُمْ ط وَاِنْ تُطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ لَا يَلِتْكُمْ مِّنْ اَعْمَالِكُمْ شَيْـًٔا ط اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

ترجمہ: ـ کہتے ہیں گنوار کہ ہم ایمان لائے، تو کہہ تم ایمان نہیں لائے، پر تم کہو ہم مسلمان ہوئے اور ابھی داخل نہیں ہوا ایمان تمہارے دلوں میں اور اگر حکم پر چلو گے اللہ کے اور اسکے رسول کے، اللہ تمہارے کاموں میں سے کچھ کاٹ نہ لیگا، اللہ بخشنے والا اور مہربان ہے ــ

موضح القرآن: ـ یہاں پر مومن اور مسلمان کا فرق بتایا ہے، ہر مذہب میں لوگ اللہ پر یقین رکھتے ہیں، جن میں یہود و نصاریٰ، صابئین شامل ہیں مگر اسلام میں مومن غیبت، شراب، زنا، جھوٹ، جوا سے بچ کر ـ صرف اللہ اور اس کے رسول کے احکامات کے تحت زندگی بسر کرتا ہے، وہی شخص مومن ہے، اور ایسے مومن جو تابع رضا الٰہی ہوں، دنیا میں انقلاب پیدا کر سکتے ہیں، مسلمان تو دنیا میں کروڑوں کی تعداد میں، مگر مومن تعداد میں بہت کم ہیں، ہم سب کو چاہئے کہ مومن بننے کی کوشش کریں ـ تاکہ اس دنیا میں اللہ اور اس کے دین کی حاکمیت قائم کر سکیں،

الحاج عبد الحمید

فرینڈز آف پاکستان کے مقاصد

۱ ـ اہل پاکستان اور اہل کینیڈا کے درمیان ربط قائم کرنا ـ

۲ ـ پاکستان کے لئے زر مبادلہ کا حصول اور اس کی ملک عزیز کو ترسیل کا انتظام ـ

۳ ـ غیر ملکی پریس میں نظریہ پاکستان کا دفاع اور ملکی نقطہ نظر کی وضاحت،

۴ ـ قومی مسائل اور انکا حل، حکومت پاکستان اور دیگر قومی اداروں سے اس سلسلہ میں رابطہ ــ

مزید معلومات کے لئے، فرینڈز آف پاکستان پوسٹ آفس بکس ۳۰۳ سٹیشن ڈی ٹرانٹو ــ کے پتہ پر لکھئے،

پاکستان میں جمہوریت کی تعمیر کا آغاز

ایم ایس پرویز

"ہم مسلمان اپنی تابندہ تہذیب اور تمدن کے لحاظ سے ایک قوم ہیں، ادب، فنون لطیفہ، فن تعمیر، نام و نسب، شعور، اقدار و تناسب، قانون و اخلاق، رسم و رواج، تاریخ و روایا اور رجحان و مقاصد ہر ایک لحاظ سے ہمارا اپنا انفرادی زاویہ نگاہ اور فلسفہ حیات ہے، بین الاقوامی قانون کی ہر تعریف ہماری قومیت کو سہارا دینے کے لئے تیار ہے"

(قائد اعظم)

صدر ذوالفقار علی بھٹو نے قومی اسمبلی کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ "تاریخ نے اپنا ایک دائرہ مکمل کر لیا ہے۔ المناک باب ختم ہو گیا ہے بھیانک رات کی سحر ہو چلی ہے اور نئے دور کا سورج نمودار ہو گیا ہے" صدر پاکستان کے یہ الفاظ حقائق کے نشاندہی ہیں۔ ہمارا اگست ۱۹۴۷ء کو جب پاکستان دنیا کی سب سے بڑی اسلامی مملکت کی حیثیت سے ابھرا تھا تو کسی کے وہم و گمان میں بھی نہ تھا کہ ان گنت قربانیاں اور ایک عظیم جدوجہد کے نتیجہ میں قائم ہونے والے اس ملک کو جمہوریت کی منزل تک پہنچنے کے لئے تقریباً ۲۵ سالوں پر پھیلی ہوئی ایک سیاہ طویل اذیت ناک رات اور ایک جاں سوز قومی بحران کے جھٹکے سہتے گزرنا پڑے گا۔

وہ طویل و تاریک رات جس کے کربناک اندھیروں میں دشمنوں کی سنگدلی اور غیروں کی سازشوں نے قومی وحدت و یکجہتی کی تار تار کر دیا محض اس لئے ملک کے مستقبل پر چھائی رہی ہے کہ قائد اعظم اور شہید ملت کے خود غرض حاکموں نے اپنے ذاتی مفادات کی تسکین اور ذاتی اقتدار کے ایوان بچانے کی ہوس میں عوام کی خواہشات و امنگوں کو پس پشت ڈال دیا۔ پاکستان کا حصول بذات خود کوئی مقصد نہ تھا یہ حصول مقصد کا ذریعہ تھا اور وہ مقصد ایک ایسی مملکت کی تعمیر تھا جہاں اسلام کے عدل و مساوات کے اصولوں کا دور دورہ ہو اور جہاں آئینی و جمہوری اقدار کی حکمرانی ہو۔

بانی پاکستان قائد اعظم رحمتہ اللہ علیہ قانون و جمہوریت کی بالادستی قائم کرنے کے سب سے بڑے علمبردار تھے۔ وہ پاکستان کی تعمیر آئین و جمہوریت کے مضبوط و مستحکم ستونوں پر کرنے کے خواہشمند تھے۔ انہوں نے اپنی پوری زندگی آئینی و جمہوری جدوجہد میں گزاری۔ پاکستان میں جمہوریت کے قیام کے بارے میں ان کا تصور بالکل غیر مبہم و صاف تھا۔ مختلف مواقع پر ان کی تقاریر سے مندرجہ ذیل چند اقتباسات ان کے اس پختہ ارادے اور خواہش کے واضح آئینہ دار ہیں کہ پاکستان میں صرف جمہوریت ہی سیاسی اساس ہو گی اور جمہوریت نوازی میں کوئی دوسری قوم مسلمانوں کا مقابلہ نہیں کر سکتی۔

"اسلامی تعلیمات کی درخشندہ روایات و ادبیات کس امر پر شاہد ہیں؟ دنیا کی کوئی قوم جمہوریت میں مسلمانوں کا مقابلہ نہیں کر سکتی جو کہ اپنے مذہب میں بھی جمہوری نکتہ نگاہ رکھتے ہیں"

۳۱ دسمبر ۱۹۱۶ء

"مسلم لیگ ہندوستان کے لئے مکمل قومی و جمہوری حکومت خود اختیاری کی طلب گار ہے"

لکھنؤ کے اجلاس سے خطاب ۱۵ اکتوبر ۱۹۳۷ء

"جمہوریت ہمارے خون میں ہے یہ ہماری رگ و پے میں ہے چند صدیوں کے ناسازگار حالات نے خون کی گردش کو سرد کر دیا تھا ـــ یہ منجمد ہو گیا تھا اور آپ کی شریانیں ٹھیک سے کام نہیں کر رہی تھیں لیکن خدا کا شکر ہے کہ وہ اب خون پھر گردش میں ہو گیا ہے"

(۱۹۴۲ء)

"پاکستان ایک جمہوری ملک ہو گا ـــ اس میں کسی بادشاہ یا شہنشاہ کی گنجائش نہیں"

مسلمانان بمبئی سے خطاب ۱۹۴۶ء

"آپ پاکستان کی طرز حکومت کے بارے میں میری رائے معلوم کرنا چاہتے ہیں اور میں کہتا ہوں کہ دستور ساز اسمبلی جیسے با اختیار ادارے کے فیصلے سے پہلے کوئی ذمہ دار شخص اپنی رائے کا اظہار نہیں کر سکتا اور نہ ایسا کرنا چاہیئے۔ پاکستان کا دستور بنانا دستور ساز اسمبلی کا کام ہے"

پریس کانفرنس جولائی ۱۹۴۷ء

"آپ نے دنیا کے مختلف علاقوں میں انسانیت کو فاشسٹ حکومتوں سے نجات دلانے اور جمہوریت کے تحفظ کے لئے جنگیں لڑی ہیں۔ اب آپ کو اسلامی جمہوریت اور اسلام کے معاشرتی انصاف اور انسانی مساوات کے تحفظ کی جنگ اپنے وطن کی سرزمین پر لڑنی ہے"

(پشاور جلسہ عام ۱۴ اکتوبر ۱۹۴۷ء)

"ہم نے پاکستان کی جنگ جیت لی ہے مگر اسے برقرار رکھنے اور مضبوط و مستحکم بنیادوں پر قائم کرنے کی سنگین ترین جنگ ابھی جاری ہے اور اگر ہمیں ایک بڑی قوم کی حیثیت سے زندہ رہنا ہے تو اس جنگ میں کامیابی حاصل کرنی ہو گی۔ بجائے اسکے فطرت کا اٹل و سفاک قانون ہے ہمیں خود اس نئی آزادی کا اہل ثابت کرنا ہے۔ فاشیت کے اثرات سے دنیا کو بچانے اور اسے جمہوریت کے لئے محفوظ بنانے کی خاطر کرۂ ارض کے دور دراز حصوں میں جا کر آپ نے میدان جنگ میں داد شجاعت حاصل کی ہے۔ مگر اب آپ کو اپنے ہی وطن عزیز کی سرزمین پر اسلامی جمہوریت اسلامی معاشرتی، عدل اور مساوات انسانی کے اصولوں کی پاسبانی کرنی ہے۔ آپ کو ان کے لئے ہر وقت تیار رہنا چاہئے"

(افواج پاکستان سے خطاب ۲۱ فروری ۱۹۴۸ء)

"میرا ایمان ہے کہ ہماری نجات اس اسوۂ حسنہ پر چلنے میں ہے جو ہمیں قانون عطا کرنے والے پیغمبر اسلام نے ہمارے لئے بنایا ہے ہمیں چاہیئے کہ ہم اپنی جمہوریت کی بنیادیں صحیح معنوں میں اسلامی تصورات اور اصولوں پر رکھیں"

(شاہی دربار سبی ۱۴ فروری ۱۹۴۸ء)

۲۵ سال تک جمہوریت کے مستقبل پر تاریک اندھیروں کے بعد صدر بھٹو کے قومی اسمبلی میں یہ الفاظ امید و روشنی کا جگمگاتا پیغام ہیں۔

ان تاریک اور مشکل دنوں میں یہ فیصلہ کیا گیا کہ بانئ قوم کے مثالی تصور اور جوش کو دوبارہ حاصل کرنے کے لئے تخلیق پاکستان کی طرف لوٹا جائے اسی لئے ہم اس دستور کو بنا رہے ہیں جس سے انہوں نے پاکستان کی تعمیر کا کام شروع کیا تھا"

صدائے پاکستان ٹورانٹو

۱۵ مئی ۱۹۷۲ء

ہدیہ ۱۰ سینٹ

جلد ۱ — ایک از مطبوعات فرینڈز آف پاکستان — شمارہ ۷

آئین نافذ ہو گیا

اسلام آباد — ۲۱ اپریل کو پاکستان کو اسلامی جمہوریہ پاکستان بن گیا، مارشل ختم ہو گیا اور عبوری آئین نافذ کر دیا — اس آئین کے تحت ذوالفقار علی بھٹو کو پانچ سال کے لیئے پاکستان کا صدر منتخب کر لیا گیا — نیا آئین وفاقی اور پارلیمانی جمہوریہ کی ملی جلی خوبیاں رکھتا ہے، نئے آئین کے تحت تمام صوبوں میں نئی حکومتیں قائم ہو گئی ہیں، تفصیلات اندرونی صفحات پر دیکھیں۔

قومی زبان اردو ہوگی

اسلام آباد۔ (پیپ) عبوری دستور میں جسے آج قومی اسمبلی نے منظور کر لیا اردو کو سرکاری زبان قرار دیا گیا ہے وزیر قانون میاں محمود علی قصوری نے ایک ترمیم پر تقریر کرتے ہوئے کہا کہ صوبوں کو اپنی اپنی صوبائی زبانوں کو ترقی دینے اور ان کی تعلیم دینے کا اختیار ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کوئی لسانی جھگڑا کھڑا کرنا نہیں چاہتی کیونکہ اس سے قوم میں نفاق پیدا ہوگا۔ اسی وجہ سے حکومت نے آئین میں یہ واضح کر دیا ہے کہ اردو قومی زبان ہوگی لیکن ساتھ ہی صوبائی حکومتیں اپنے اپنے صوبے کی زبان کو بھی ترقی دیں گی۔

چیف جسٹس نے بھی عبوری آئین کے تحت حلف اٹھایا

راولپنڈی ۱۱ اپریل (اپیپ) آج صبح یہاں مسٹر جسٹس حمود الرحمن نے عبوری آئین کے تحت پاکستان کے چیف جسٹس کی حیثیت سے حلف اٹھایا۔ ایوان صدر میں ایک سادہ تقریب میں صدر ذوالفقار علی بھٹو نے ان سے حلف لیا اس موقع پر جو لوگ موجود تھے ان میں قانونی اور پارلیمانی امور کے وزیر میاں محمود علی قصوری، پاکستان کے اٹارنی جنرل مسٹر یحییٰ بختیار، صدر کے خصوصی معاون مسٹر رفیع رضا اور سپریم کورٹ کے جج شامل تھے۔

حلف کا متن

جناب جسٹس حمود الرحمن نے آج جو حلف اٹھایا اس کا متن یہ تھا: میں حمود الرحمن عہد کرتا ہوں کہ میں سچے دل سے پاکستان پر یقین رکھوں گا اور اس کا وفادار رہوں گا۔ میں آئین اور قانون کے مطابق اپنی بہترین صلاحیتوں کو کام میں لاتے ہوئے وفاداری کے ساتھ اپنے فرائض بجا لاؤں گا۔ میں سپریم جوڈیشل کونسل کے جاری کردہ ضابطۂ عمل کا پابند رہوں گا۔ میں اسلامی جمہوریہ پاکستان کے عبوری آئین کا تحفظ اور دفاع کروں گا اور کسی اندیشہ، جانبداری، جذبۂ محبت اور بدنیتی کے بغیر ہر حالت میں تمام لوگوں کے ساتھ انصاف کروں گا۔

ریڈیو پاکستان ایک دو روز میں کارپوریشن بن جائیگا

کراچی (دپپ ا) معلوم ہوا ہے کہ آئندہ ایک دو دن میں ریڈیو پاکستان کو کارپوریشن میں تبدیل کر دیا جائے گا واضح رہے کہ پیپلز پارٹی کے اقتدار سنبھالنے کے فوری بعد اس وقت کے وزیر مواصلات و اطلاعات عبدالحفیظ پیرزادہ نے ریڈیو پاکستان کو کارپوریشن بنانے کا اعلان کیا تھا

بنگلہ دیش میں علماء اور محب وطن پاکستانیوں کی بھیانک مظالم

کومیلا کے مولانا شمس الدین کو زندہ دفن کر دیا گیا

نظام اسلام پارٹی کے مولانا اطہر السبحان کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے گئے

راولپنڈی (اپپ) مختلف ایجنسیوں کے ذریعے یہاں موصول ہونیوالی خبروں میں بتایا گیا ہے کہ مشرقی پاکستان میں مزید سینکڑوں سیاسی لیڈروں، علماء اور اہم شخصیتوں کو ایک پاکستان پر یقین رکھنے کی وجہ سے غیر انسانی سلوک کا نشانہ بنایا گیا ہے اور انہیں شہید کیا جا رہا ہے۔ ان میں ضلع کومیلا کے مولانا شمس الدین کو زندہ زمین میں دفن کر کے شہید کر دیا گیا معلوم ہوا ہے کہ ان انسان نما درندوں نے انہیں کندھوں تک زمین میں گاڑ دیا اور پھر ان پر اینٹیں برسا کر شہید کر دیا۔ اس کے علاوہ چاٹگام میں نظام اسلام پارٹی کے مولانا اطہر السبحان کو زندہ کئی ٹکڑوں میں تقسیم کر دیا گیا اس کے علاوہ جن افراد کو شہید کیا گیا ہے ان میں مولانا نذیر احمد (ضلع نواکھالی) مولانا عبدالمتین (جوائنٹ سیکرٹری باریسال نظام اسلام پارٹی) ایس ایم عالم (منیجنگ ڈائریکٹر اور سابق صدر چاٹگام ایوان صنعت و تجارت) ڈاکٹر انصار الدین ایم پی اے، مسٹر سلیم الدین پی ایس سی حمید الدین (رحیم؟) اور جمہوری پارٹی نواب جنجیرہ ضلع راجشاہی کے سینکڑوں کارکن شامل ہیں۔ شہید ہونے والوں میں مسلم لیگ چاٹگام کے سیکرٹری کیپٹن محمد بختیار، سابق یونین کونسل کے چیئرمین راجہ میاں چوہدری اور ضلع سلہٹ کے مولانا بشیر الدین شیخ آف داکا بھی شامل ہیں۔ سابق رکن قومی اسمبلی مسٹر ممتاز الدین کے جواں سال فرزند اسلام آباد میں ہیں ان کو تب پیغمبری واقعہ ان کی تمام املاک سے

دولتانہ کو برطانیہ میں سفیر مقرر کر دیا گیا

راولپنڈی: ۲۵ اپریل (اپپ) آج یہاں سرکاری طور پر اعلان کیا گیا ہے کہ حکومت پاکستان نے میاں ممتاز خان دولتانہ کو برطانیہ میں پاکستان کا سفیر مقرر کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ حکومت پاکستان نے برطانوی حکومت سے اس تقرر کی منظوری چاہی ہے۔ مسٹر دولتانہ قومی اسمبلی کے رکن بھی ہیں۔

پاکستان کی عدلیہ کے وقار کو چار چاند لگ گئے ہیں

سپریم کورٹ کے تاریخی فیصلہ کا سیاسی رہنماؤں کی طرف سے خیر مقدم

لاہور، ۲۰ اپریل۔ ملک کے متعدد سیاسی رہنماؤں نے سپریم کورٹ کے اس تاریخی فیصلے کا زبردست خیر مقدم کیا ہے۔ جس میں یحییٰ خان کی حکومت کو غیر قانونی اور غیر آئینی قرار دیا گیا ہے اور جس کی رو سے الطاف گوہر اور ملک غلام جیلانی کو رہا کیا گیا ہے۔ امیر جماعت اسلامی مولانا ابوالاعلیٰ مودودی نے کہا ہے کہ اس تاریخی فیصلے سے پاکستان کی عدلیہ کے وقار کو چار چاند لگ گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایسی ہی عدلیہ ایک ملک میں جابر حکومتوں سے بندگان خدا کے حقوق کی حفاظت کر سکتی ہے۔ انہوں نے کہا ہے بدنام زمانہ "دوسو" کیس کی قائم کردہ نظیر کو ختم کرنے پر عدلیہ مبارکباد کی مستحق ہے۔ کونسل لیگ کے صدر سردار شوکت حیات نے کہا ہے کہ میں سپریم کورٹ کے اس فیصلے کا خیر مقدم کرتا ہوں ہر پاکستانی عدلیہ کے اس فیصلہ پر فخر کرتا ہے اور بلاشبہ یہ فیصلہ کرنے والے معزز ججوں کے نام تاریخ میں آئینی حکومتوں کے محافظوں کے طور پر لکھے جائیں گے۔ جمہوری پارٹی کے صدر نواب زادہ نصراللہ خان نے کہا ہے کہ سپریم کورٹ کا یہ فیصلہ قابل فخر اور جرأت مندانہ ہے جس سے عدلیہ کے ماتھے پر لگا ہوا "دوسو کیس" کا بدنما دھبہ دھل گیا ہے نائب امیر جماعت اسلامی میاں طفیل محمد نے بھی سپریم کورٹ کے فیصلے کو سراہا ہے تحریک استقلال کے سربراہ ائر مارشل اصغر خان نے اس تاریخی فیصلے کو جرأت مندانہ قرار دیا ہے اور سپریم کورٹ کے چیف جسٹس اور لاہور ہائی کورٹ، سندھ بلوچستان ہائی کورٹ اور سرحد ہائی کورٹ کے ججوں کو مبارکباد کے تار دیئے ہیں۔ پاکستان جمہوری پارٹی کے سیکرٹری جنرل شیخ نسیم حسن نے کہا ہے کہ سپریم کورٹ نے یہ فیصلہ کر کے بحالی جمہوریت میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ ایم انور بار ایٹ لاء کو بھی مولانا مودودی نے مبارکباد کا ٹیلیفون کیا اور متعدد سیاسی رہنماؤں اور اخبار نویسوں نے ان کے گھر جا کر مبارکباد دی کیونکہ مسٹر ایم انور نے اس مقدمہ کی پیروی کی تھی سابق جج مسٹر جسٹس بدیع الزماں کیکاؤس نے بھی ان کے گھر جا کر مبارکباد دی۔ بیگم طاہرہ مسعود، سلیم آفتاب اور متعدد وکلاء نے اس جرأت مندانہ فیصلہ کو سراہا ہے۔

صدر بھٹو نے حمود الرحمن کمیشن کے دفتر جا کر اپنا بیان قلمبند کرایا

راولپنڈی ۔ ۲۰ اپریل (اپپ) صدر بھٹو نے آج تمام سرکاری اور رسمی تکلفات کو بالائے طاق رکھتے ہوئے حمود الرحمن کمیشن کے سامنے کمیشن کے دفتر واقع نیشنل ڈیفنس کالج میں جا کر اپنا بیان دیا صدر نے کمیشن کے سامنے تقریباً تین گھنٹے تک اپنا بیان ریکارڈ کرایا کمیشن کی طرف سے جاری ہونے والی پریس ریلیز کے مطابق سوار شوکت حیات خان نے بھی ۱۰ اور ۱۹ اپریل کو اپنی شہادت دی۔

"کان میں تیل ڈال لیا ہے کیا — بند کرا دو یہ دنگا فساد — کمبختوں نے گھر کو اسمبلی ہال بنا رکھا ہے ؟"